# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 09 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بھارتی فنکاروں کیلئے آئندہ ویوز کانفرنس کے ذریعے بین الاقوامی شہرت حاصل کرنے کا موقع: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر سمیت میٹروپولیٹن ریجن ترقیاتی اتھاریٹی کی حدود کی سرکاری اراضی اتھاریٹی کو منتقل۔

☆ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کیلئے ریاست بھر میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم قائم کیا جائے گا: وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ دھولیہ-شولا پور شاہراہ پر چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے آٹرم گھاٹ میں پندرہ کلومیٹر طویل تین زیرِ زمین راستوں کو حکومت کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ امبہ جوگائی کے قدیم سکلیشور مندر ریاستی محفوظ یادگار قرار۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ تفریحی صنعت بڑی صنعتوں میں سے ایک ہے اور یہ مستقبل میں بہت زیادہ پھیلے گی۔ وہ ایک نجی خبر رساں ادارے کے زیرِ اہتمام ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ حکومت نے اگلے مہینے ممبئی میں ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمینٹ یعنی ویوز کانفرنس کا انعقاد کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ کانفرنس بھارتی فنکاروں کو مواد بنانے اور اپنے فن کو عالمی سطح پر لے جانے میں مدد کرے گی۔

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

***** ***** *****

ریاستی کابینہ نے چھترپتی سمبھا جی نگر، ناسک، ناگپور اور پونے میٹروپولیٹن ریجن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کی حدود میں موجود سرکاری زمینوں کو متعلقہ حکام کو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے پر کل کابینہ نے اجلاس میں مہر ثبت کردی۔ اس فیصلے سے ترقیاتی کاموں میں تیزی آنے کی اُمید ہے۔ کابینہ نے خانگی امدادی آیوروید اور خانگی امدادی یونانی اداروں کے گروپ بی سی اور ڈی کے غیر تدریسی افسران و ملازمین کو سابقہ اثر کے ساتھ اصلاح شدہ خدمات کے تحت یقینی ترقی کی اسکیم کو لاگو کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ ریاست میں اس وقت گرام پنچایت، پنچایت سمیتی اور ضلع پریشد انتخابات میں ریزرو نشستوں پر منتخب ہونے والے امیدواروں کیلئے ذات کے جواز کا صداقت نامہ جمع کرانے کی آخری تاریخ میں ایک سال کی توسیع کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔

اجلاس میں ریاست کی ریت پالیسی 2025 کا اعلان بھی کیا گیا۔ وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے نے بتایا کہ مکانات کی تعمیر کیلئے پانچ براس ریت مفت دی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ نئی پالیسی میں ڈپو سسٹم بند کرکے ریت گھاٹوں کا ٹینڈر جاری کیا جائے گا۔ باونکولے نے یہ بھی بتایا کہ کسانوں کے افرادِ خاندان کے زرعی تنازعے کو حل کرنے والی مصالحتی اسکیم کیلئے دو سال کی آخری تاریخ کو 2027 تک بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت 1077 معاملات کا تسلی بخش حل نکالا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کیلئے ریاست بھر میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم قائم کیا جائے گا۔ وہ کل ممبئی میں اس سسٹم کا افتتاح کرنے کے بعد مخاطب تھے۔ اس موقع پر نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار سمیت کئی معززین موجود تھے۔ وزیرِ اعلیٰ نے نشاندہی کی ہے کہ آب وہوا میں تبدیلی کی وجہ سے آفات کے طریقے بھی بدل رہے ہیں۔

***** ***** *****

''آپلے سرکار'' اس پورٹل کی خدمات آئندہ 10 تا 14 تاریخ تک پانچ دنوں کیلئے بندر ہے گی۔ مہاراشٹر اطلاعات وتکنالوجی کارپوریشن نے ایک پریس ریلیز کے ذریعے یہ اطلاع دی ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ یہ خدمات پورٹل کی باقاعدہ تکنیکی دیکھ بھال کیلئے بند رہے گی۔

***** ***** *****

دھولیہ-شولا پور ہائی وے پر چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے کنڑ کے قریب آٹرم گھاٹ پر پندرہ کلومیٹر لمبائی کی تین سرنگیں تعمیر کی جائیں گی۔ یہ سرنگیں وزارتِ ریلوے اور سرفیس ٹرانسپورٹ کے ذریعے 50 فیصد شراکت داری کی بنیاد پر تعمیر کی جائیں گی۔ سابق مرکزی وزیرِ مملکت ڈاکٹر بھاگوت کراڑ نے کہا ہے کہ کل دہلی میں مرکزی روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کے وزیر نتن گڈکری کی رہائش گاہ پر ایک میٹنگ ہوئی۔ اس میں بتایا گیا کہ ایجنسیوں کو اس مجوزہ سرنگوں کیلئے DPR تیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی میں عدالتی حراست میں فوت ہونے والے سومناتھ سوریہ ونشی کے معاملے میں ونچت بہوجن آگھاڑی کے قائد اور عرضی گذار پرکاش امبیڈکر نے کل بامبے ہائیکورٹ کی اورنگ آباد بینچ سے خصوصی تحقیقاتی ٹیم کے ذریعے تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے خود عدالت میں دلائل دینے کے بعد صحافیوں سے بات کی۔ امبیڈکر نے کہا کہ چونکہ قانون میں یہ ناکافی ہے اس طرح کے معاملات میں مزید کارروائی کس کو کرنی چاہیے۔ اس کیلئے عدالت سے قواعد تیار کرنے اور رہنمائی فراہم کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ اس مقدمے کی اگلی سماعت 29 اپریل کو ہوگی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر حکومت نے امبہ جوگائی کے تاریخی اور قدیم سکلیشور مندر عرف باراکھامبی مندر کو ریاستی محفوظ یادگار قرار دیا ہے۔ اس فیصلے سے اس تاریخی مندر کے تحفظ اور سیاحت کو فروغ ملے گا۔ کیج اسمبلی حلقے کی رکنِ اسمبلی نمیتا مندڑا نے اس سلسلے میں ریاستی حکومت سے پیروی کی تھی۔

***** ***** *****

چیتری یاترا کامدا ایکادشی کی مرکزی تقریب کل پنڈھرپور میں منائی گئی۔ اس میں تقریباً تین لاکھ سے زیادہ عقیدت مندوں کے چندر بھاگ میں غسل کرنے کا امکان ہے۔ دریں اثناء مصنوعی ذہانت ٹکنالوجی اب پنڈھرپور میں عقیدت مندوں کی بھیڑ کو منظّم کرنے کیلئے استعمال کی جائے گی۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ یہ ٹسٹ کل پنڈھرپور بس اڈے پر کیا گیا۔

***** ***** *****

پیٹھن میں سنت ایکناتھ مہاراج کی سمادھی سمیت ناتھ مندر میں وجئے پانڈورنگا کو کل چندن کا لیپ لگایا گیا۔ ہر موسمِ گرما میں پانڈورنگ اور سنت ایکناتھ مہاراج کی سمادھی پر چندن لگانے کا رواج ہے۔ یہ لیپ مرگ نکشتر کے آغاز تک روزانہ لگایا جاتا ہے۔

***** ***** *****

مخالف شکتی پیٹھ ہائیوے ایکشن کمیٹی کی جانب سے کل لاتور میں ایک روزہ ریاستی سطح کی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر سوابھیمانی شیتکری تنظیم کے قائد راجو شیٹی اور بزرگ ماہرِ اقتصادیات ایچ ایم دیسرڈا موجود تھے۔اس کانفرنس میں الزام عائد کیا گیا کہ مجوزہ شکتی پیٹھ ہائیوے کسان مخالف ٗ ماحول دشمن اور عوام مخالف ہے اور اس سے بدعنوانوں اور ٹھیکے داروں کو ہی فائدہ پہنچے گا۔

***** ***** *****

اسکولی تعلیم کے وزیرِ مملکت پنکج بھوئیر نے کل پربھنی میں چھترپتی سمبھا جی نگر ڈویژن میں اسکولی تعلیم محکمے کا جائزہ لیا۔اس اجلاس میں مثالی اسکولوں، نپون مہاراشٹرا مشن، سی ایم شری اسکولوں کے بارے میں معلومات، نئی قومی تعلیمی پالیسی کے موثر نفاذ، طلبہ کی بہبود کیلئے مختلف اسکیموں کے نفاذ اور طلبہ کے تعلیمی معیار میں بہتری جیسے اُمور کا جائزہ لیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے دیہی اور شہری علاقوں کے تمام غیر محفوظ کنوؤں کے مالکان کو اندرونِ ایک ماہ کنویں کے اطراف حفاظتی دیواریں تعمیر کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔مقررہ مدت کے بعد کنویں پر حفاظتی دیوار تعمیر نہ کرنے والے مالکان پر کارروائی کا انتباہ بھی ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے دیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں تقریباً دس سے بارہ چیتوں کی نقل وحرکت محکمہ جنگلات کے کیمروں میں دکھائی دی ہے۔ضلعے کے تلجاپور، دھاراشیو، بھوم اور پرانڈا علاقوں میں چیتوں کی نقل وحرکت ہونے کی تصدیق محکمہ جنگلات کے ڈویژنل افسر بال کشور پوڑنے کی۔لہٰذا ٗ محکمہ جنگلات نے شہریوں سے خوفزدہ نہ ہونے ٗ رات کے وقت کھیتوں میں اکیلے نہ جانے ٗ اپنے مویشیوں کو محفوظ مقام پر باندھنے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں کل ٗ بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر سماجی مساوات ہفتہ کا افتتاح ضلع ذات تصدیق کمیٹی کی صدر فروغ مقدم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔آئندہ 14 تاریخ تک جاری رہنے والے اس ہفتہ کے دوران سماجی انصاف محکمے کی تمام اسکیمات کا فائدہ سماج کے آخری مستحق تک پہنچانے کی انھوں نے اپیل کی۔

***** ***** *****

بیڑ میں بڑھتی ہوئی گرمی، مختلف اسکیموں کے ڈی بی ٹی سے استفادہ کرنے والوں کی بھیڑ اور پیٹھ ڈویژن سے تحصیل دفتر کی دوری کے پیشِ نظر بیڑ انتظامیہ نے آج بروز بدھ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک پیٹھ بیڑ کے بالاجی مندر میں ایک خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا ہے۔انتظامیہ نے شہریوں سے اس کیمپ سے استفادہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت اکولہ میں 44 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔مراٹھواڑہ کے، چھترپتی سمبھا جی نگر میں اوسط درجہ حرارت 41 ڈگری سیلسیس درج ہوا، جبکہ پربھنی اور بیڑ میں اوسط درجہ حرارت 42 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔مراٹھواڑہ میں آئندہ دو دنوں تک موسم خشک رہنے کی پیشن گوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بھارتی فنکاروں کیلئے آئندہ ویوز کانفرنس کے ذریعے بین الاقوامی شہرت حاصل کرنے کا موقع: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر سمیت میٹرو پولیٹن ریجن ترقیاتی اتھاریٹی کی حدود کی سرکاری اراضی اتھاریٹی کو منتقل۔

☆ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کیلئے ریاست بھر میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم قائم کیا جائے گا: وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ دھولیہ-شولا پور شاہراہ پر چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے آٹرم گھاٹ میں پندرہ کلومیٹر طویل تین زیرِ زمین راستوں کو حکومت کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ امبہ جوگائی کے قدیم سکلیشور مندر ریاستی محفوظ یادگار قرار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****